PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

احسان مانی آئی سی سی فنانشل اینڈ کمرشل افیئرز کمیٹی کے سربراہ مقرر

- آئی سی سی میں پاکستان کرکٹ بورڈ کے عہدیداران کی پذیرائی
- وسیم خان اور ثناء میر کے بعد جنرل کونسل بیرسٹر سلمان نصیر بھی آئی سی سی کی ایک کمیٹی کا حصہ

لاہور، 23 جولائی 2019ء:

پاکستان کرکٹ بورڈ کے چیئرمین احسان مانی کو آئی سی سی فنانشل اینڈ کمرشل افیئرز کا سربراہ مقرر کردیا گیا ہے۔ چیئرمین آئی سی سی ششانک منوہر نے احسان مانی کی تقرری گذشتہ ہفتے آئی سی سی کی سالانہ کانفرنس کے دوران کی۔

فنانشل اینڈ کمرشل افیئرز کا شمارآئی سی سی کی چند اہم کمیٹیوں میں ہوتا ہے جو آئی سی سی کے مالی اور کمرشل معاملات پر نظر رکھتی ہے۔

احسانی مانی پیشے کے اعتبار سے ایک چارٹرڈ اکاونٹنٹ ہیں جو 17 سال بعد ایک بار پھر یہ اہم ذمہ داری نبھائیں گے۔ احسان مانی سال 1996ء میں آئی سی سی فنانشل اینڈ کمرشل افیئرز کے پہلے چیئرمین بنے تھے۔ احسان مانی سال 2002ء تک اس عہدے پر تعینات رہے، بطور چیئرمین کمیٹی احسان مانی نے سال 2000ء میں آئی سی سی کا پہلا کمرشل معاہدہ کروایا جس کی مالیت 550 ملین ڈالر تھی۔

احسان مانی کی سربراہی میں قائم کردہ کمیٹی میں اندرا نوئی بطور آزاد ڈائریکٹر شرکت کریں گی جبکہ امیتابھ چوہدری (بی سی سی آئی)، کرس نینزنی (کرکٹ ساوتھ افریقہ) عمران خواجہ (نائب چیئرمین آئی سی سی)، ایرل ایڈنگز (کرکٹ آسٹریلیا) اور کولن گریوز (انگلینڈ کرکٹ بورڈ) بھی کمیٹی میں شامل ہیں۔ ششانک منوہر اور مانو سواہنے (چیف ایگزیکٹو آفیسر آئی سی سی) بطور سابق عہدیدار کمیٹی کا حصہ ہوں گے۔

احسان مانی دوسری بار آئی سی سی فنانشل اینڈ کمرشل افیئرز کے سربراہ مقرر ہوئے

ہیں۔اس سے قبل ڈاکٹر نسیم اشرف پی سی بی کے وہ واحد چیئرمین ہیں جو آئی سی سی کمیٹی کی سربراہی بھی کرچکے ہیں۔ ڈاکٹر نسیم اشرف سال 2008ء میں ایچ آر اینڈ رمیونا ریشن کمیٹی کے سربراہ رہ چکے ہیں۔

چیئرمین پی سی بی احسان مانی

اس موقع پر چیئرمین پی سی بی احسان مانی کا کہنا ہے کہ آئی سی سی چیئرمین کی جانب سے مجھ پر کیے جانے والے اعتماد پر خوش ہوں۔ میں مانو سواہنے اور ان کی ٹیم کے ساتھ کام کرنے کا منتظر ہوں۔

احسان مانی سال 1989ء میں آئی سی سی میں پی سی بی کے مستقل رکن نامزد ہوئے تھے۔ احسان مانی سال 2002ء میں آئی سی سی کے نائب صدر اور پھر سال 2003ء سے 2006ء تک آئی سی سی کے صدر رہے۔ احسان مانی یوراج نارائن کی سربراہی میں آئی سی سی آڈٹ کمیٹی کے رکن بھی رہ چکے ہیں۔

دوسری جانب کرکٹ کی عالمی تنظیم کی جانب سے پاکستان کرکٹ بورڈ کے عہدیداران کی پذیرائی کا عمل جاری ہے۔ ایک اور تعیناتی میں جنرل کونسل پی سی بی، بیرسٹر سلمان نصیر بھی آئی سی سی سیف گارڈنگ پینل میں شامل ہوگئے ہیں۔

پینل کی سربراہی کیٹ گیلافنٹ(کوئنز کونسل) کریں گی۔ پینل کا مقصد آئی سی سی کے منعقد کردہ ایونٹس میں آئی سی سی کے قوانین اور اس سے جڑے تمام افراد کی حفاظت کرنا ہے ۔

اس سے قبل گذشتہ ہفتے آئی سی سی کی سالانہ کانفرنس کے دوران پی سی بی کے منیجنگ ڈائریکٹر وسیم خان اور اسٹار ویمن کرکٹر ثناء میر کو آئی سی سی ویمنز کمیٹی میں شامل کیا گیا تھا۔

To read the ICC F&CA's Terms of Reference, please click here.

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486

W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan. Its goal is to work in partnership with its stakeholders to promote, develop and grow the game throughout the country.

The PCB's purpose is to maintain and enhance the reputation and integrity of the game, fostering excellence and upholding the spirit of the game. The PCB selects junior and senior national men's and women's cricket teams to represent the country on the global stage, runs high performance cricket centres across the country and plans and organises domestic competitions and international bi-lateral series.

The PCB is committed to developing ground and facility infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

Commercial Partners

www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealpcb

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4